سوال

(184)خطبہ کے وقت کوئی شخص سلیم کہہ دے توکیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے روزجب امام خطبہ پڑھتا ہواورکوئی شخص باہرسے آکرالسلام علیکم کہے تویہ السلام علیکم کہنا یا اس کاجواب دینا جائزہے یامنع ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس وقت خطیب خطبہ دے رہا ہو، اس وقت سلام نہیں کہنا چاہیے کیونکہ سلام کہنا سنت ہے اور خطبہ کا سننا فرض ہے توسلام کہنے والے نے فرض کوترک کیا لہٰذا خطبہ کے وقت سلام نہیں کہنا چاہیے اوراگرکسی نے سلام کہا توسننے والا چپکے سے جواب دے دے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ (سید محمدنذیرحسین)

فتاوی نذیریہ

جلد01ص575

محدث فتویٰ